الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

21ستمبر 2022

الیکشن کمیشن کی جانب سے ملک بھر کے مختلف تعلیمی اداروں میں طلبہ و طالبات کے لئے خصوصی آگاہی مہم جاری ہے۔ جس کا مقصد طلبہ و طالبات کی انتخابی عمل سے متعلق آگاہی اور شعور پیدا کرنا ہے تاکہ آنے والے تمام انتخابات میں بطور ذمہ دار شہری اپنا کردار بخوبی ادا کریں۔

9 ماہ کے دوران ملک بھر کے مختلف تعلیمی اداروں میں خصوصی تعلیمی ورکشاپ منعقد کرائی گئیں ۔ طلبہ و طالبات کو الیکشن کمیشن کے افسران کی جانب انتخابی عمل سےمتعلق خصوصی لیکچرز دئیے جارہے ہیں ۔انھیں ووٹ رجسٹریشن ووٹر اورٹرن آوٹ بڑھانے کے لئےمعاشرے میں اپنا بھر پور کردار ادا کرنے کے بارے میں آگاہ کیا جارہا ہےآخر میں سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد کیا جاتا ہے۔

واضح رہے کہ تعلیمی اداروں میں آگاہی مہم کا آغاز سال نومبر2021ء سے کیا گیا تھا ۔ جس کے تحت اب تک مختلف تعلیمی اداروں بشمول یونیورسٹیوں، کالجز اور گرلز ہائیرسیکنڈری سکولز میں طلبہ و طالبات کو انتخابی عمل اور ووٹ رجسٹریشن اور ووٹرٹرن آوٹ بڑھانے کے بارے میں مجمو عی طور پر 308 ورکشاپس کامیابی سے مختلف اضلا ع میں منعقد کروائی جا چکی ہیں۔

سٹوڈنٹس ورکشاپ مہم کے ذریعے طا لب علم اپنے اپنے تعلیمی اداروں اوررہائشی مقاما ت ومحلوں میں ووٹر آگاہی پیغام پہنچا رہے ہیں اس رضاکارانہ قو می خد مت پر الیکشن کمیشن کی جا نب سے سٹوڈنٹس کو تعریفی اسناد بھی دی جا رہی ہیں ۔ ووٹرز آگاہی مہم کا یہ سلسلہ عام انتخابات تک جاری رہے گا ۔ہر ضلع میں متعلقہ الیکشن آفیسرز ،ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز اور ریجنل الیکشن کمشنرز مختلف تعلیمی اداروں میں ووٹرز آگاہی سیشنز منعقد کرا رہے ہیں۔

مختلف تعلیمی اداروں کی جانب سے الیکشن کمیشن کو دعوت دی جا رہی ہے کہ ان کے اداروں میں بھی سٹوڈنٹس ورکشا پ کا انعقاد کیا جائے۔